# یُوناہ
# کی نبوّت

## یَاھوِہ کے حُضُور سے یُوناہ کا فرار ہونا

1 یَاھوِہ کا کلام یُوناہ بِن اِمتّائی پر نازل ہُوا:
2 ”اُٹھ کر اُس بڑے شہر نینوہ کو جا اَور اُس کے خِلاف مُنادی کر
کیونکہ اُن کی بدی میرے سامنے تک آ پہُنچی ہے۔“
3 لیکن یُوناہ یَاھوِہ کے حُضُور سے ترشیش کی طرف جانے کو
بھاگے اَور یافّا جا پہُنچے۔ وہاں اُنہیں ترشیش کو جانے والا ایک پانی
کا جہاز مِلا۔ اَور وہ کرایہ دے کر اُس میں سوار ہُوئے تاکہ اُن کے
ساتھ یَاھوِہ کی حُضُوری سے ترشیش کو چلے جائیں۔
4 تَب یَاھوِہ نے سمُندر پر ایک اَیسی آندھی بھیجی کہ جہاز کے ٹکڑے
ٹکڑے ہو جانے کا خطرہ پیدا ہو گیا۔
5 سارے ملّاح خوفزدہ ہو گئے اَور ہر ایک اَپنے اَپنے معبُود کو
پُکارنے لگے اَور جہاز کو ہلکا کرنے کی غرض سے اَپنا مال و
اَسباب سمُندر میں پھینک دیا۔
لیکن یُوناہ نبی جہاز کے اَندر پڑے سو رہے تھے۔
6 جہاز کے کپتان نے اُن کے پاس جا کر کہا، ”آپ کیسے سو
سکتے ہیں؟ اُٹھو اَور اَپنے خُدا کو پُکارو۔ شاید وہ ہماری سُنے اَور ہم
ہلاک نہ ہوں۔“

7 تَب ملّاحوں نے آپَس میں کہا، ”آؤ ہم قُرعہ ڈالیں اَور مَعلُوم کریں
کہ اِس آفت کے لِئے کون ذمّہ دار ہے۔“ اُنہُوں نے قُرعہ ڈالا اَور قُرعہ
یُوناہؔ کے نام پر نِکلا۔
8 اُنہُوں نے اُس سے کہا کہ ہمیں بتا، ”یہ آفت ہم پر کس کی وجہ
سے آئی ہے؟ تمہارا پیشہ کیا ہے؟ اَور آپ کہاں سے آئے ہیں؟ آپ کا
وطن کہاں ہے اَور آپ کس قوم سے تعلّق رکھتے ہیں؟“
9 یُوناہؔ نے جَواب دیا، ”میں ایک عِبرانی ہُوں اَور آسمان کے خُدا
یَاہوِہ کی عبادت کرتا ہُوں جِس نے زمین اَور سمُندر تخلیق کی ہے۔“
10 اِس بات کو سُن کر وہ خوفزدہ گئے اَور اُن سے پُوچھا، ”آپ نے
کیا کیا ہے؟“ (کیونکہ یُوناہؔ نے اُنہیں یہ بتا دیا تھا کہ، وہ یَاہوِہ کے
حُضُور سے بھاگ رہے تھے۔)
11 سمُندر میں طُوفان بڑھتا جا رہاتھا اِس لِئے اُنہُوں نے یُوناہؔ سے
پُوچھا، ”ہم آپ کے ساتھ کیا کریں تاکہ سمُندر ہمارے لِئے ساکن ہو
جائے؟“
12 ”مُجھ کو اُٹھاکر سمُندر میں پھینک دو،“ یُوناہؔ نے جَواب دیا، ”تو
سمُندر ساکن ہو جائے گا۔ کیونکہ مَیں جانتا ہُوں کہ یہ بڑا طُوفان میری
غلطی کے باعث تمہارے اُوپر آیا ہے۔“
13 پھر بھی ملّاح نے جہاز کو ساحِل تک لے جانے کی اَپنی پُوری
کوشش کی مگر وہ ساحِل تک لے جانے میں کامیاب نہیں ہُوئے
کیونکہ سمُندر پہلے سے بھی زِیادہ موجزن ہوتا جا رہاتھا۔
14 تَب وہ یَاہوِہ کے حُضُور میں فریاد کئے، ”اَے یَاہوِہ، اِس شخص

کی جان لینے کے لئے ہم لوگوں کو ہلاک نہ کر۔ ایک معصُوم کی
موت کی ذمّہ داری ہمارے گردن پر نہ ڈال کیونکہ اَے یَاھوِہ، آپ
نے جو چاہا اُسے کیا۔“
15 تَب اُنھُوں نے یُوناہؔ کو اُٹھا کر سمُندر میں پھینک دیا اَور سمُندر کی
لہریں تھم گئیں۔
16 اِس بات سے وہ لوگ بہت خوفزدہ ہو گئے اَور اُنھُوں نے یَاھوِہ
کے حُضُور میں قُربانی گذرانی اَور مَنّتیں مانیں۔

### یُوناہؔ کی دعا

17 لیکن یَاھوِہ نے یُوناہؔ کو نگل جانے کے لئے ایک بڑی مچھلی تیّار
کر رکھی تھی اَور یُوناہؔ تین دِن اَور تین رات مچھلی کے پیٹ میں رہا۔

## 2

1 تَب یُوناہؔ نبی نے مچھلی کے پیٹ کے اَندر سے یَاھوِہ اَپنے خُدا سے
فریاد کی۔
2 اُس نے کہا:
”اَپنی مُصیبت کے دَوران مَیں نے یَاھوِہ سے دعا کی،
اَور اُس نے میری سُن لی۔
مَیں نے پاتال کی گھرائی سے مدد کے لئے پُکارا،
اَور خُدا نے میری فریاد سُنی۔
3 خُدا نے مُجھے سمُندر کی گھرائی میں پھینک دیا تھا
اَور لہروں نے مُجھے گھیرلیا تھا،
تیری تمام موجیں اَور لہریں
میرے اُوپر سے گزر گئیں۔

4 مَیں نے کہا، ’مَیں آپ کی نظروں سے
دُور کر دیا گیا ہُوں؛
لیکن مَیں پھر سے
آپ کے بیت المُقدّس کو دیکھوں گا۔‘
5 ہیبت ناک پانی نے مُجھے خوفزدہ کر دیا،
گہرائی میرے چاروں طرف تھی؛
سمُندری نباتات میرے سَر کے چاروں طرف لپٹ گئی تھی۔
6 میں پہاڑوں کی گہرائی تک ڈُوب گیا تھا؛
زمین کے راستے ہمیشہ کے لئے مجھ پر بندھو گئے تھے۔
لیکن آپ نے اَے یاؔہوِہ، میرے خُدا،
میری جان کو پاتال سے باھر نکالا۔“

7 جَب میری زندگی ختم ہو رہی تھی،
تَب اَے یاؔہوِہ، مَیں نے آپ کو یاد کیا،
اَور میری دعا آپ کے بیت المُقدّس میں
آپ کے حُضُور میں پہُنچی۔

8 جو لوگ جھُوٹے معبُودوں سے لپٹے رہتے ھیں
وہ خُود کو خُدا کی شفقت سے محروم رکھتے ھیں۔
9 لیکن مَیں تیری شُکر گزاری کا نغمہ گاتے ھُوئے،
آپ کے لئے قُربانی گذرانوں گا۔
مَیں نے جو مَنّت مانگی ھے اُسے پُورا کروں گا۔
میں گواھی دیتا ھُوں، نَجات یاؔھوِہ کی طرف سے آتی ھے۔

10 اَور یَاھوِہ نے اُس بڑی مچھلی کو حُکم دیا اَور اُس نے یُوناہؔ کو
خشک زمین پر اُگل دیا۔

# 3

## یُوناہؔ نینوہؔ کو روانہ ھوتا ھے

1 تَب یَاھوِہ کا کلام دُوسری بار یُوناہؔ پر نازل ھُوا:
2 ”اُٹھ، اُس بڑے شہر نینوہؔ کو جا اَورجو پیغام میں تُمھیں وھاں دینے
والا ھُوں اُس کی مُنادی کر۔“
3 تَب یُوناہؔ یَاھوِہ کے کلام کے مُطابق نینوہؔ کو گیا۔ نینوہؔ بہت بڑا
شہر تھا۔ وھاں پہُنچنے کے لِئے تین دِن لگتے تھے۔
4 یُوناہؔ نینوہؔ شہر میں داخل ھُوا اَور ایک دِن کا سفر طے کرتے ھُوئے
اُس نے اعلان کیا، ”اَب سے چالیس دِن کے بعد نینوہؔ تباہ کر دیا جائے
گا۔
5 تَب نینوہؔ کے باشِندے خُدا پر ایمان لائے اَور روزہ کا اعلان کیا
اَور بڑے سے چھُوٹے تک سَب نے ٹاٹ اوڑھا۔“
6 جَب نینوہؔ کے بادشاہ کو یہ خبر پہُنچی تو وہ اَپنے تخت سے اُٹھا
اَور اَپنا شاھی لباس اُتار کر ٹاٹ اوڑھ کر خاک پر بیٹھ گیا۔
7 اَور نینوہؔ میں یُوں اعلان کروایا،
بادشاہ اَور اُس کے سرداروں کی طرف سے فرمان جاری ھے
کہ،
کوئی اِنسان یا حَیوان، گلّہ اَور مویشی نہ کچھ کھائیں اَور نہ پیئیں۔
8 بَلکہ ھر اِنسان اَور حَیوان ٹاٹ اوڑھے اَور فوراً خُدا سے فریاد
کرے۔ اَور ھر شخص اَپنی بُری روِش اَور ظُلم سے باز آئے۔

9 کون جانتا ہے؟ شاید خُدا ہم پر رحم کرے اَور اَپنا اِرادہ بدلے
اَور وہ اَپنا قہر شدید نازل کرنے سے باز آئے اَور ہم ہلاک نہ ہوں۔
10 جَب خُدا نے اُن کا یہ عَمل دیکھا کہ وہ اَپنی بُری روِش سے پھر
گئے تو اُس نے اَپنا اِرادہ بدل دیا اَور اُس عذاب کو جو وہ اُن پر نازل
کرنے والا تھا اُسے روک دیا اَور اُسے نازل نہ کیا۔

# 4

## خُدا کی رحمت پر یُوناہ کا غُصّہ

1 لیکن یُوناہ کو خُدا کا یہ فیصلہ بہت بُرا لگا اَور وہ سخت ناراض
ہُوا۔
2 اُس نے یَاہوِہ سے دعا مانگی، ”اَے یَاہوِہ، جَب مَیں اَپنے گھر
میں تھا، تو کیا مَیں نے یہی بات نہیں کہی تھی کہ آپ اُنہیں مُعاف
کر دیں گے؟ اِس لئے مَیں نے ترشیشؔ کو بھاگنے میں جلدی کی تھی۔
کیونکہ مَیں جانتا تھا کہ آپ رحیم و کریم خُدا ہیں۔ جو قہر کرنے
میں دھیما اَور شفقت میں غنی ہیں۔ آپ اَیسے خُدا ہیں جو عذاب نازل
کرنے سے باز رہتا ہے۔
3 اَب، اَے یَاہوِہ آپ میری جان لے لیں کیونکہ میرے اِس جینے
سے مَرجانا بہتر ہے۔“
4 تَب یَاہوِہ نے جَواب دیا، کیا، ”تمہارا غُصّہ کرنا جائز ہے؟“
5 تَب یُوناہؔ شہر سے باہر جا کر مشرق کی طرف ایک جگہ جا بیٹھا۔
وہاں اُس نے اَپنے لئے ایک چھپّر بنا کر اُس کے سایہ میں بیٹھ گیا اَور
اِنتظار کرنے لگا کہ شہر کا کیا حال ہوتا ہے۔

6 تَب یَاھوِہ خُدا نے ایک پتّوں والی بیل اُگائی اَور اُسے یُوناہؔ کے اُوپر
پھیلایا تا کہ اُس کے سَر پر سایہ ہو اَور وہ تیز دھوپ سے بچے اَور آرام
پائے۔ یُوناہؔ اُس سائے دار درخت سے بہت خُوش ہُوا۔
7 لیکن دُوسرے دِن صُبح سویرے خُدا نے ایک کیڑا بھیجا جِس
نے پتّوں والی بیل کی جڑ کو کاٹ ڈالا اَور وہ سُوکھ گیا۔
8 جَب آفتاب نِکلا تو خُدا نے مشرق سے ایک جھُلسانے والی لُو
چلائی اَور آفتاب کی تپش نے یُوناہؔ کے سَر میں اسر کیا جِس سے وہ
بے ھوش ہو گیا اَور مرنے کی آرزُومند ہوکر کہنے لگا، ”میرے اِس
جینے سے مَرجانا بہتر ہے۔“
9 تَب خُدا نے یُوناہؔ سے پُوچھا، ”کیا اِس پتّوں والی بیل کی بابت تمھارا
غُصّہ جائز ہے؟“
یُوناہؔ نے کہا، ”ہاں، میں اِتنا ناراض ہُوں کہ مَرنا چاہتا ہُوں۔“
10 تَب یَاھوِہ نے فرمایا، ”تُمھیں اِس پتّوں والی بیل کااِتنا خیال ہے،
جسے نہ تُم نے لگایا نہ اُس کی دیکھ بھال کی اَور نہ ہی تُم نے اُسے
بڑھایا۔ جو ایک ہی رات میں اُگا اَور دُوسری رات میں سُوکھ گیا۔
11 تو پھر کیا میں اِس بڑے شہر نینوہؔ کا فکر نہ کروں؟ جِس میں ایک
لاکھ بیس ہزار سے زِیادہ لوگ رہتے ہیں، جو اَپنے داہنے اَور بائیں
ہاتھ میں فرق نہیں کر سکتے، اَور اِسی طرح بے شُمار مویشی بھی رہتے
ہیں۔“

# ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica

## Urdu: ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
 اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https://creativecommons.org/licenses/by-sa/4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
 اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
"Biblica" اَور ریاست ہائے متحدہ کے حُقُوق کی سند اَور رجسٹرڈ تجارتی ذریعہ کے Biblica Inc جاتاہے۔ کیا اسیعمال ساتھ کے اجازت وہھیں۔ درج میں دفتر نشان
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

You include the above copyright and source information.

If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.

If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f